ای ایف یو آسان
سیونگز پلان

ای ایف یو آسان سیونگز پلان سے حقیقی معنوں میں ذہنی سکون حاصل کیجئے

زندگی کے اس غیر یقینی سفر میں ای ایف یو آسان سیونگز پلان آپ کا ایسا ساتھی ہے جو آپ کو نہ صرف ضمانت شدہ فائدوں کا یقین دلاتا ہے بلکہ آپ کی سرمایہ کاری کی مسلسل نشوونما میں بھی معاونت فراہم کرتا ہے۔ یہ پلان آپ کو ایسی طرزِ زندگی کے خواب کی تکمیل میں مدد کرتا ہے جس کی آپ آرزو کرتے ہیں، یہی نہیں بلکہ اس پلان سے آپ مستقبل میں آنے والے مالی مسائل کا پُراعتماد انداز سے سامنا کر سکتے ہیں۔

ای ایف یو آسان سیونگز پلان ایک حصہ داری میں شرکت کا پلان ہے جس میں آپ، کمپنی کی نشوونما اور کارکردگی سے براہِ راست فائدہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہوئے، ای ایف یو لائف کے منافع جات سے حاصل کئے گئے بونس حاصل کریں گے۔ پلان آپ کو ایک ضمانت شدہ زرِبیمہ کے ساتھ ساتھ ریورزنری بونس اور اضافی ٹرمینل بونس فراہم کرتا ہے۔ یہ بونس اس وقت تک نشوونما پاتے رہیں گے جب تک آپ ہمارے پابند رہتے ہیں۔ مالی ہنگامی صورت میں پلان پالیسی قرضہ حاصل کرنے کا اختیار بھی فراہم کرتا ہے۔

طویل مدت مالی اہداف حاصل کرنے کے لئے، جیسے کہ آپ کے بچے کی تعلیم کے لئے فنڈنگ، ریٹائرمنٹ کے لئے منصوبہ بندی، یا اپنے پیاروں کی مستقبل کی آرزوؤں کے لئے ایک مالی بچت کی تکنیک (کشن) تعمیر کرنے کے لئے، یہ پلان اپنی تمام تر مدت میں جامع مالی تحفظ پیش کرتا ہے۔

پلان کے اہم نکات:

- اہلیت کی عمر: اٹھارہ سے پینسٹھ سال
- پالیسی کی مدت: دس سے تیس سالہ
- کم از کم پریمیئم: 30,000 روپے
- ریورزنری، ٹرمینل اور دیگر بونس
- وفات/ اختتام پر فائدہ: زرِبیمہ اور حاصل کیا گیا منافع
- پالیسی قرضے کا اختیار
- اختتام عمر: 75 سال
- پریمیم کی ادائیگی: سالانہ

پروڈکٹ کا اظہار:

ای ایف یو آسان سیونگز پلان حصہ داری میں شرکت کا وقف پلان ہے جو صارفین کو کمپنی کے اعلان کردہ بونس وصول کرنے کا موقع پیش کرتا ہے۔ پلان اپنے صارفین کے لئے سادگی اور سمجھنے کی آسانی کا یقین دلاتا ہے۔

ای ایف یو آسان سیونگز پلان کیوں منتخب کیا جائے:

- **ذہنی سکون:** ضمانت شدہ فائدوں کے تحفظ سے لطف اٹھایئے
- **وفات پر جامع فائدہ:** یقینی بناتا ہے کہ آپ کے پیارے زرِ بیمہ کے ساتھ ساتھ حاصل ہونے والے بونس بھی حاصل کریں
- **اختتام پر انعامی فائدہ:** پالیسی کے اختتام پر زرِ بیمہ کے ساتھ ساتھ حاصل ہونے والے بونس
- **آپ کی بچت میں اضافہ:** ریورزنری اور ٹرمینل بونس وقت گزرنے کے ساتھ آپ کی پالیسی کی قدر میں اضافہ کرتے ہیں
- **مالی لچک:** ہمارے پالیسی قرضے کے آسان اختیار سے اپنی ضرورت کے تحت فنڈز تک رسائی

کلیدی خصوصیات:

- **زندگی کا تحفظ:** پالیسی کی تمام تر مدت کے دوران زندگی کا تحفظ جو بونس کے ساتھ بڑھتا رہتا ہے
- **وراثتی تخلیق:** اپنے خاندان کے مستقبل میں مدد کے لئے اختتامی فائدہ استعمال کیجئے
- **ریورزنری بونس:** سالانہ اعلان کردہ اور اطلاق کئے گئے بونس
- **ہنگامی فنڈز:** پالیسی پر قرضے کے اختیار کی دستیابی
- **ٹرمینل بونس:** وفات پر یا پالیسی کے اختتام پر قابلِ ادائیگی اضافی بونس
- **اضافہ شدہ تحفظ:** اضافی تحفظ کے لئے دلچسپ رائڈرز شامل کیجئے

اپنے تحفظ میں اختیاری فوائد کے ساتھ اضافہ کیجئے:

- **حادثاتی وفات کا فائدہ:** حادثاتی وفات کی صورت میں اپنے اہل خانہ کے لئے ایک یکمشت ادائیگی محفوظ کیجئے

حادثاتی وفات اور معذوری پلس فائدہ: یہ یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کے خاندان کا خیال رکھا جائے گا، حادثاتی وفات یا مستقل معذوری کی صورت میں اضافی مالی مدد حاصل کیجئے

- **اضافی ٹرم اشورنس:** اپنے پیاروں کے لئے اضافی تحفظ کے ساتھ اپنی زندگی کے تحفظ میں اضافہ کیجئے
- **فیملی آمدنی فائدہ:** مسلسل مالی استحکام فراہم کرنے کے لئے، اگر کوئی ناگہانی پیش آجائے تو اپنے اہل خانہ کے لئے ایک متوازن ماہانہ آمدنی کی ضمانت حاصل کیجئے
- **لائف کیئر انہانسمنٹ:** بیس مہلک بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص پر 50,000 روپے سے لے کر 1.5 ملین روپے تک لچکدار فوائد حاصل کیجئے

ای ایف یولائف کے ساتھ بونس کے مواقع:

سال بہ سال آپ کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لئے تشکیل دیئے گئے ہمارے بونس کے متحرک ڈھانچے سے اپنی پالیسی کے امکان کو غیر مقفل کیجئے۔آپ ہمارے ساتھ اس طرح نشوونما پا سکتے ہیں:

ریورزنری بونس:

- **سالانہ اضافے:** آپ کے اصل زرِبیمہ کی ایک خاص فیصد سے اضافہ کئے گئے بونس سے ہر سال اپنی پالیسی کی قدر کو نمو پاتے ہوئے دیکھئے۔
- **ضمانت شدہ ادائیگی:** اعلان ہونے کے بعد، ان تمام بونس کی ضمانت ہے اور یہ یا تو پالیسی کے اختتام پر یا وفات پر قابل ادائیگی ہیں، آپ کے سرمائے کی نشوونما کے بڑھنے کو یقینی بناتے ہوئے۔

ٹرمینل بونس:

- **بونس بوسٹر:** اپنی پالیسی کی قدر میں مزید اضافے کے لئے، پالیسی کے اختتام پر یا وفات کی صورت میں اضافی بونس کا لطف اٹھایئے۔

عبوری بونس:

- **حیرت زدہ کرنے والے منافع جات:** اپنی پالیسی میں غیر متوقع نشوونما کا اضافہ کرنے والے، کمپنی کے اعلان کردہ کسی بھی اضافی بونس کا لطف اٹھایئے آپ کو مالی تحفظ اور نشوونما فراہم کرنے کے لئے تشکیل دیئے گئے ای ایف یو آسان سیونگز پلان کے انعامی بونس سسٹم سے، پابند رہیئے اور اپنے سرمائے کو پھلتا پھولتا دیکھئے۔

اکثر پوچھے جانے والے سوالات:

توقع کرتے ہیں کہ آپ کے ذہن میں ای ایف یو آسان سیونگز پلان کے بارے میں کچھ سوالات ہونگے۔ عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات کے ذیل میں دیئے گئے اکثر پوچھے جانے والے سوالات دیکھیئے۔ اگر آپ کو وہ سوال نہ ملے جس کی آپ کو تلاش ہے تو مدد کے لئے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے ہم سے رابطہ کیجئے:

سوال: کیا میں اپنی پالیسی کے بدلے میں قرض لے سکتا ہوں؟

جواب: جی ہاں، پالیسی کے مکمل طور پر نافذ العمل ہونے اور تمام پریمیمز کی ادائیگی ہونے کے بعد، پالیسی ہولڈر اصل دستبرداری قدر کے 80 فیصد تک قرضہ حاصل کرسکتا ہے۔ کسی بھی دیگر کلیم سے پہلے، قرضے کی رقم بمعہ اس پر ہونے والے سود کے ساتھ، پالیسی پر پہلا چارج ہوگا۔ اگر پالیسی کی دستبرداری قدر صفر ہوجاتی ہے تو پالیسی خودکار طور پر ضبط ہوجائے گی اور اس کے تمام فائدے ختم ہوجائیں گے۔

سوال: میرے پاس پالیسی کو منسوخ کرنے کیلئے اور مکمل رقم کی واپسی کے لئے کتنا وقت ہوگا؟

جواب: غور وفکر کا دورانیہ: اگر آپ پالیسی کے اجراء سے یا دستاویزات کی وصولی کی تاریخ سے چودہ دن کے غور وفکر کے دورانئے کے اندر، ان میں جو بھی پہلے ہو، اپنی پالیسی منسوخ کرتے ہیں، تو آپ ہمارے طبی یا کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں ای ایف یو لائف کی طرف سے اٹھائے گئے کوئی بھی اخراجات منہا کرکے پریمیئم کی مکمل واپسی کے اہل ہونگے۔

سوال: کیا میں اپنی پالیسی سے دستبردار ہوسکتا ہوں؟

جواب: پالیسی کے مکمل طور پر نافذ العمل ہونے اور دو سالوں کے مکمل پریمیئم ادا ہونے کے بعد، پالیسی ایک دستبرداری قدر حاصل کرلے گی۔ ایک نافذ العمل پالیسی پر ریویزنری بونس کی دستبرداری قدر قابل ادائیگی ہوگی اگر پالیسی ہولڈر مکمل تین سالوں کا پریمیئم ادا کرتا ہے۔ ٹرمنل بونس کے لئے کوئی دستبرداری قدر ادا نہیں کی جائے گی۔

سوال: کیا ہوگا اگر میں اپنا پریمیئم ادا کرنا روک دوں؟

جواب: اگر پالیسی ہولڈر کو ایک دستبرداری قدر حاصل ہوگئی ہو اور مہلتی مدت کے بعد کوئی پریمیئم غیر ادا شدہ رہ جاتا ہے تو، یہ پالیسی، کمپنی کی جانب سے نیچے دیے گئے آپشن بی کے تحت ایک سال تک جاری رہے گی۔ اگر لائف ایشورڈ ایک سال کے دوران پہلی بار واجب الادا ریگولر پریمیئم ادا نہیں کرتا، تو وہ یہاں دیے گئے دو آپشنز میں سے کسی ایک کا انتخاب کرکے فوائد حاصل کرنے کا حقدار ہوگا، جو لائف ایشورڈ کی طرف سے منتخب کیے گئے آپشن پر منحصر ہوگا (اگر کوئی انتخاب کیا گیا ہو)۔

- **اختیار A:** خودکار پیڈ اپ (نادہندگی کا اختیار): پالیسی ایک پیڈ اپ پالیسی میں تبدیل کردی جائے گی۔ مزید کوئی پریمیئم واجب الادا نہیں ہوگا لیکن زرِبیمہ گھٹ جائے گا۔
- **اختیار B:** خودکار پریمیئم قرضہ: اگر آپ کے کسی پریمیئم کی ادائیگی رہ جاتی ہے اور پالیسی کی اصل دستبرداری قدر آپ کے پریمیئم کی رقم کو پورا کرنے کے لئے کافی زیادہ ہے، تو ای ایف یو لائف اس قدر کے عوض ایک خودکار قرضہ استعمال کرکے آپ کی پالیسی کو فعال رکھے گی۔ اگر اصل دستبرداری قدر واجب الادا پریمیئم اور قرض پر ہونے والے سود کی ادائیگی کے لئے ناکافی ہو تو پالیسی ضبط ہوجائے گی اور اس میں حاصل تمام فائدے ختم ہوجائیں گے۔

سوال: کیا میں اپنی ختم شدہ پالیسی کی دوبارہ تجدید کرواسکتا ہوں؟

جواب: جی ہاں، کمپنی کی صوابدید پر، شرائط وضوابط سے مشروط، اور کمپنی کو درکار اخراجات کے بعد آپ اپنی ختم شدہ پالیسی کی دوبارہ تجدید کروا سکتے ہیں۔

سوال: ای ایف یولائف میری رقم کی سرمایہ کاری کیسے کرتی ہے؟

جواب: ہماری حصہ داری میں شرکت کی بیمہ پروڈکٹ سے، آپ کا پیسہ بہت ہی احتیاط سے، بھروسے اور نشوونما کو یقینی بناتے ہوئے، محفوظ فنڈز میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ہم آپ کے مستقبل کو محفوظ ہاتھوں میں ہونے کا یقین دلاتے ہوئے، سرمایہ کاری کی قابل بھروسہ راہوں کا انتخاب کرکے آپ کے مالی تحفظ اور ذہنی سکون کو ترجیح دیتے ہیں۔

سوال: پالیسی سے منسلک کیا اخراجات ہیں؟

جواب: ہر ایک ہزار روپے کی زرِبیمہ پر دس روپے پالیسی فیس ہے جو زیادہ سے زیادہ 720 روپے ہے۔

سوال: کلیمز پر کیسے عمل درآمد ہوتا ہے؟

جواب: کلیمز ہمارے لئے سچائی کا ایک لمحہ ہیں اور ای ایف یولائف میں ان پر بہت ہی مؤثر طریقوں سے عمل درآمد ہوتا ہے۔ آپ ہم سے تمام دستیاب پلیٹ فارمز (ہیلپ لائن، واٹس ایپ، ہماری شاخوں اور ای میل) کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں اور ہماری ٹیم آپ کی رہنمائی اور مدد کے لئے تیار ہے۔

استثنیٰ:

- یہ پلان ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ کا پیش کردہ پروڈکٹ ہے۔ یہ پلان بینک الفلاح یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی بینک الفلاح کی پروڈکٹ ہے۔ ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ بیمہ شدہ صارف/صارفین اور مستفید/مستفیدان (بینفشری/بینفشریز) کے کلیمز (دعووں) کا ذمہ دار ہوگی۔
- بینک الفلاح ای ایف یولائف اشورنس لمیٹڈ کیطرف سے صرف ایک کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کر رہا ہے اور نہ ہی بیمہ شدہ صارف/صارفین اور مستفید/مستفیدان (بینفشری/بینفشریز) یا کسی بھی تیسرے فریق کیطرف سے ذمہ دار ہوگا۔
- سرمایہ کاری میں نفع اور نقصان کی ذمہ داری بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ پالیسی کی میچورٹی یا دستبرداری نقد قدر (کیش ویلیو) پیشگی اندازے سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔ منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں نقصان کی صورتِ حال پر منحصر کرتی ہیں۔ سرمایہ کاری کی کارکردگی کی صورت میں نقصان بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی ذمہ داری ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور فنڈز کی اچھی یا بری کارکردگی کی ذمہ داری ای ایف یولائف اور بینک الفلاح بینک پر عائد نہیں ہوتی۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو فوائد کی شخصی مثال پیش کرے گا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط وضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کیلئے مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں۔
- سروس اخراجات اور دیگر ٹیکسیز بینک کے شیڈول آف چارجز اور متعلقہ حکم سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔

کمپنی کی طرف سے ہر سال کاروبار کے شراکتی فنڈ کی کارکردگی پر مبنی بونس کے نرخ کا اعلان کیا جائے گا۔

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، فیز I، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس نمبر: 3453-7519(021) ای میل: csd@efulife.com